# دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے

ڈاکٹر ابرار عمر

الرّزاق پبلی کیشنز
207 عرفان چیمبرز 30 ٹیمپل روڈ لاہور،
فون: 7238501

محبت کی عمارت گر گئی ہے
کوئی ملبے پہ بیٹھا رو رہا ہے
ہوا پتوں سے سر ٹکرا رہی ہے
ترے جانے کا ماتم ہو رہا ہے

# دسمبر اب بھی تیرا انتظار ہے

ڈاکٹر ابرار عمر

الرزّاق پبلی کیشنز
207 عرفان چیمبرز 30 ٹیمپل روڈ لاہور،
فون: 7238501

Marfat.com

کتابوں سے دوستی کریں
ہمارے ادارے کی کتابیں
آپ کو نئی دنیا سے
روشناس کرائیں گی
ناشر: احمد جمال الدین

جملہ حقوق محفوظ ہیں

1999ء

سرورق : ایس۔ایم۔فاروق
قیمت : 100 روپے
کمپوزنگ : عمران بٹ
مطبع : عظیم علیم پرنٹرز

Marfat.com

شازو اور شارو کے نام

Marfat.com

Feet trinketed and Hennaed hands
But a wall between us stands

I shall now close be to her charm
But she as an another's stands

Her tinseled clothes shall not be mine
Though in her eyes my yearing stands

And when but last she looks at me
Within her tears my anguish stands

She very far from me shall go
'Mongst all but this fantasy stands.

Marfat.com

# دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے


| | | |
|---|---|---|
| 1- رائے | افتخار عارف | 11 |
| 2- سفر آغاز کرتے ہیں | ڈاکٹر ابرار عمر | 13 |
| 3- کچھ باتیں اور | ڈاکٹر ابرار عمر | 16 |
| 4- برف کا سورج | | 17 |
| 5- تمہارے بغیر | | 18 |
| 6- ایک یاد | | 19 |
| 7- دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے | | 20 |
| 8- مجھے آغاز کا دکھ ہے | | 22 |
| 9- جوانی جب محبت کے ادھورے گیت گاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے | | 24 |
| 10- محبت (محبت وحشت فرقت میں) | | 26 |
| 11- محبت (محبت حسن کی بارات) | | 28 |
| 12- محبت ہو بھی سکتی تھی | | 30 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| 13- مجھے اس سے محبت ہے | 31 |
| 14- اب کبھی ناں محبتیں ہوگی (غزل) | 34 |
| New Year Card -15 | 36 |
| 16- محبت جب نئے محور پہ آئے گی | 37 |
| 17- ایک شعر | 39 |
| 18- تمہاری برتھ ڈے پر | 40 |
| 19- اوک میں سویا ہوا سوال | 42 |
| 20- تین شعر | 44 |
| 21- وہ کون تھی؟ | 45 |
| 22- ہوا سے سوال | 47 |
| 23- میں اپنا ہجر رونا چاہتا ہوں | 48 |
| 24- مری کے مال پہ | 50 |
| 25- تمہاری یاد آتی ہے | 51 |
| 26- ایک شعر | 53 |
| 27- دھند | 54 |
| 28- سانحہ | 56 |
| 29- مون لائٹ | 57 |
| 30- یہ کس کی یاد ہے | 59 |
| 31- اس کے ہاتھوں پہ حنا پاؤں میں پائل ہوگی (غزل) | 60 |
| 32- عجیب رستے ہیں زندگی کے | 62 |
| 33- اس سے پہلے کہ | 64 |
| 34- میری منتظر رہنا | 65 |
| 35- اگر تم پاس رہتے تو........ | 66 |
| 36- دو شعر | 67 |
| Kinnaird -37 | 68 |

38- وہ کہتی ہے 70

39- Lintott میں 71

40- کلاس آخری تھی 72

41- ایک شعر 74

42- شوق پرواز تو آواز کو دکھ دیتا ہے 75

43- ماتم 76

44- اس کو شہر سے دور بلایا کرتے تھے 77

45- خواب سمندر 79

46- سلگتے چاند کی تنہائیوں میں زندہ ہوں (غزل) 81

47- آگے بھاگے جا رہی ہے میرے فردا کی لکیر 83

48- ایک شعر 84

49- خواب ہے تیرا بدن 85

50- دو شعر 87

51- Murree 88

52- دو شعر 89

53- یاد 90

54- ایک واقعہ 91

55- خلش 92

56- ایک شعر 93

57- دریچہ 94

58- جب بھی ملتا ہے اپنی کہتا ہے (غزل) 96

59- تری آنکھوں میں دھوکہ ہے 98

60- ماتم 99

61- دو شعر 100

62- Oh Girl 101


Marfat.com

| | |
|---|---|
| 63- مگر تم نے...... | 102 |
| 64- ایک شعر | 104 |
| 65- ایک یاد | 105 |
| 66- موت جدائی گاتی ہے | 106 |
| 67- ایک شعر | 107 |
| 68- مرے کمرے میں جب آنا | 108 |
| 69- تیز ہوا کے جھونکے ہیں اور کومل پھول (غزل) | 109 |
| 70- اس سے پہلے کہ | 110 |
| 71- ایک شعر | 111 |
| 72- کنواری دستکیں اور رات کا خموش سفر | 112 |
| 73- کنار شام سورج مر رہا ہے (غزل) | 113 |
| 74- اک مسافر ہوں...... | 115 |
| 75- ایک شعر | 116 |
| 76- ایک لڑکی نے...... | 117 |
| 77- یہ میرا دوش نہیں | 118 |
| 78- دو شعر | 119 |
| 79- ایک بیمار رات کا منظر | 120 |
| 80- ایک شعر | 121 |
| 81- خودکشی سے پہلے | 122 |
| 82- ایک شعر | 123 |
| 83- میں اس کو قتل کرنا چاہتا ہوں | 124 |
| 84- پھر بہار آئی ہے | 126 |
| 85- مجھے کیوں یاد کرتی ہو؟ | 127 |


Marfat.com

# دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے

کیسی عجیب بات ہے کہ ہماری ادبی تاریخ میں ترقی پسند تحریک کے حوالے سے ایک عام خیال یہ پایا جاتا ہے کہ انہوں نے "غم دوراں" پر بہت زور دیا اور غم جاناں" سے صرف نظر کیا اور یہ بھی کہ انہوں نے محبت کی بجائے دوسروں غموں پر توجہ دی مگر جب ہم اپنے زمانے کی عشقیہ شاعری پر نظر ڈالتے ہیں تو ایک بالکل مختلف صورت نظر آتی ہے۔ محبت کی جتنی اچھی نظمیں ترقی پسند فکر سے تعلق رکھنے والے شعراء کے ہاں دیکھنے میں آتی ہیں اس کی مثالیں نسبتاً کم کم ہیں۔ جانے کیوں گزشتہ چند دہائیوں سے ہم اپنے دل کے معاملات کو بیان کرنے سے گریزاں نظر آتے ہیں۔ ایسے میں ڈاکٹر ابرار عمر کی رومانوی شاعری میرے لیے تازہ ہوا کے خوشگوار جھونکے کی حیثیت رکھتی ہے۔ جذبے احساس کے رومانوی موسم سے اظہار کی صورت اختیار کرتے نظر آتے ہیں۔ معصومانہ عشق اور حیرتیں ہوں کہ ہجر و وصل کے دیکھے ان دیکھے خواب' اچھے دنوں کی میٹھی میٹھی یادیں ہوں یا چھوٹے چھوٹے ملال سب گھل مل کر غزلوں میں اور نظموں میں شاعر کے دل کی طرح دھڑکنے لگتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سچی شاعری میں جذبے کی لگن گہری ہو تو اظہار بھی نکھر جاتا ہے۔ ڈاکٹر ابرار عمر کے تخلیقی سفر کا یہ خوشگوار موسم آنے والے دنوں میں اور بھی زیادہ بار آور اور ثمربار ہو گا۔ مجھے اس کا پورا یقین ہے۔

**افتخار عارف**

Marfat.com

Marfat.com

# سفر آغاز کرتے ہیں

ہسپتال کے سامنے ٹیکسی کی فرنٹ سیٹ سے اترتے ہوئے' جب میں دروازے کو Push کر رہا تھا تو شاید میں زندہ رہنے کی آخری کوشش کر رہا تھا۔ اس سے پہلے میں نے کچھ نئے کپڑے خریدے تھے اور پندرہ بیس روز سائیکلنگ بھی کی تھی۔ شہر کے کونوں کھدروں میں زندگی کو ڈھونڈا مگر Suicidal Ideas میرے خون میں دوڑ رہے تھے۔ موت میرے لیے واضح ہوتی جا رہی تھی۔ ہارمونیم پر ہاتھ رکھا تو اس کے سر غائب تھے۔ سورج کو غور سے دیکھا' چاند کو منانے کی کوشش کی' پھولوں سے باتیں کیں مگر--- اپنی محبت کو فون کرکے جینے کا جواز ڈھونڈنا چاہا مگر نہ ملا۔ یہی وقت تھا جب ندیم نے مجھے بتایا کہ تمہیں Major Depressive Illness ہے...............

کہانی اس بچے کی ہے جو صدیوں پہلے اپنے گاؤں کے گھر کے چھوٹے گیٹ کے سامنے صحن میں نیکر پہن کر لیٹا' سردیوں کی تقریباً سہ پہر کو اپنی ماں سے پوچھ رہا تھا' زندگی مشکل کیوں ہے؟--- حقیقت یہ ہے کہ میں ایک Born Artist ہوں موسیقی اور شاعری میری روح میں کہیں تھی۔ کچھ کتابوں' کچھ رشتوں اور کچھ چہروں نے بڑی حد تک اس کرب کو تنظیم کیا جو میرے اظہار کے لیے شاید ضروری تھا۔ میں نے اپنے لڑکپن اور اوائل جوانی میں اظہار سے فرار کیا اور اس طرح چاند' سورج' بادل' بارش' برف' پہاڑوں اور انسانوں کے ساتھ بددیانتی کا مرتکب

Marfat.com

ٹھہرا۔ میں سوچتا تھا کہ خود کو تسلیم کر لیا تو بکھر جاؤں گا۔ ہوا یہ کہ میں نے بکھرنے کے بعد خود کو تسلیم کیا.....................

........................................................

وہ مجھے زندہ رکھنے کے لیے بجلی کے جھٹکے دے رہے تھے اور میں موت مانگ رہا تھا۔ میں Suicide کے گناہ کا مرتکب نہیں ہونا چاہتا تھا۔ میری خواہش اس موت کی تھی جس کا فیصلہ اوپر ہوتا میں نہ کرتا مگر اوپر خاموشی تھی' طویل خاموشی شاید ہزاروں سالوں پہ محیط' مگر اس طویل خاموشی سے زندگی کو نکلنا تھا۔ بھرپور شاعری والی زندگی' موسیقی والی زندگی زندگی سے محبت کرنے والی زندگی' رونے اور رونے والوں سے پیار کرنے والی زندگی' زندگی جہاں ہنسی آنسوؤں میں اور آنسو ہنسی میں ڈھلتے دیر نہیں لگاتے۔ کیفیات کا امتزاج ایک عجیب کیفیت کو جنم دیتا ہے۔ کبھی موسیقی شاعری میں اور کبھی شاعری موسیقی میں ڈھل جاتی ہے اور اگر آواز کا سہارا مل جائے تو عمریں مختصر لگتی ہیں....................

گل نستر کے تنے کے نچلے حصے کی چھال اتری ہوئی تھی۔ وہ کالے کپڑوں میں ملبوس عین اس حصے کے سامنے بیٹھی تھی۔ اسے معلوم تھا کہ مجھے کالا لباس پسند ہے۔ وہ اکثر مجھے پوچھتی "آپ کو کالا رنگ آخر کیوں پسند ہے؟" اسے خبر نہیں تھی کہ کچھ چیزیں جنم کے ساتھ منسلک ہوتی ہیں.................... وہ کسی اور طرح سے بھٹکی ہوئی تھی اور میں کسی اور طرح سے۔ ہماری ضرورت ہمیں ایک دوسرے کے بہت قریب لے آئی.................... وہ رو رہی تھی اور میں اس کے آنسوؤں سے زندگی لکھ رہا تھا--- اس کی باتوں کے پیچھے ایک کرب تھا میں غم شناس تھا مجھے محبت ہو گئی..................

گلابوں کا موسم تھا۔ ہم اس درخت سے کچھ فاصلے پر اسپریا نامی سفید پھولوں والے گھنیرے درخت نما پودے کے نیچے بیٹھے ہوئے صحن مستقبل میں جھانک رہے تھے۔ اس روز وہ میرے لیے کچھ کھانے کے لیے بھی لائی تھی--- آس پاس گلابوں کے بے شمار پھول تھے مگر کالا گلاب کہیں نہیں تھا۔ میں اس کو ڈھونڈھتا رہا

Marfat.com

اور وہ چلی گئی--- اندھیرا پھیلنا شروع ہو گیا' اندھیرے کا رنگ ہمیشہ کالا ہوتا ہے مگر جب چاند ہو تو.......................... مگر چاند تو اپنا اپنا ہوتا ہے--- ہر کسی کا اپنا--- میرا چاند چلا گیا.......................................................

میں اور آپ جس بستی کے مکین ہیں وہاں چشم نم سے اشک بھی ڈر ڈر کے بہتے ہیں۔ معصوم راہی خود محافظ کے ہاتھوں لٹتے ہیں۔ نظاروں کو لوگ آپس میں بانٹ لیتے ہیں۔ جینے کی گھڑیاں کشکول میں ملتی ہیں۔ دانائیاں اس کی ہیں جس کے پاس پیسہ ہے۔ ایسی بستی کے فنکار کا اظہار اپنے اور اپنے لوگوں کے ان دکھوں سے ماورا کیسے ہو سکتا ہے۔ اس امید کے ساتھ کہ محبت کا کوئی سورج اس بستی میں ضرور طلوع ہو گا۔ سفر آغاز کرتے ہیں۔

Dr. ABRAR OMER
C/O SALMAN
BI-1366 Muslim Town
Rawalpindi

Marfat.com

# کچھ باتیں اور

نوجوان شعراء نے پچھلی دہائی میں فن شاعری میں اجتہاد کر کے جو خوبصورت تخلیقات دی ہیں انہوں نے قاری کو حبس کی کیفیت سے باہر نکال دیا ہے۔ لفظوں کے مناسب استعمال اور اوزان کے حوالے سے محتاط رویہ ضروری ہے' مگر اس حد تک قید جو Creativity کو نقصان پہنچائے مجھے پسند نہیں۔ بہت سے الفاظ ایسے ہیں جن کو ویسے ہی باندھنے کی ضرورت ہے۔ جیسے وہ بولے جاتے ہیں تاکہ قاری پڑھتے وقت بے وزنی کی کیفیت کا شکار نہ ہو۔ میرے نزدیک قاری بہت اہم ہے۔ آج کے قاری کو اگر ہم نے گزرے ہوئے کل کی باتیں گزرے ہوئے لوگوں کی طرح بتانا جاری رکھیں تو اس کے پاس بھٹک جانے کے لیے بہت راستے ہیں--- نئے انسان کے مسائل اور زبانوں کے بدلتے ہوئے رجحانات تقاضا کرتے ہیں کہ اظہار کے اندر بھی روح عصر ہو۔ اس سلسلے میں میں اپنے Contemprarie‌s کو Appreciate کرتا ہوں--- تنقید اگر تخلیق کا معیار بہتر بنائے تو شاہکار ساز ہوتی ہے اور اگر تخلیق گلا گھونٹنے کے درپے ہو تو بے رحمی ہے-- مجھے خوشی ہے کہ تخلیق کے عمل کو روکنے والی قوتیں دم توڑ رہی ہیں اور اظہار اور بے انداز اظہار دونوں میں آزادی کے دن آ گئے ہیں۔

Marfat.com

# برف کا سورج

دسمبر کے مہینے میں
مری کے ایک رستے پر
تمہارے شوخ ہاتھوں نے
چمکتی برف سے جو ریشمی سورج بنایا تھا
وہ میری گرم راتوں کو
ابھی تک ٹھنڈی میٹھی روشنی کا
چاند دیتا ہے

Marfat.com

## "تمہارے بغیر"

شہر آزار کو کھلتی ہوئی کھڑکی کی تھکن
میری آنکھوں کو بھگوتی ہوئی آوارہ ہوا ——
دوش دیوار پہ بیزار گھڑی کی ٹک ٹک
میرے انجام پہ روتا ہوا سانسوں کا ستار
پینٹ اکھڑی ہوئی دیوار پہ تیری تصویر
ٹوٹی الماری میں بکھرے ہوئے چاہت کے نقوش
رات کے صحن پہ پھیلا ہوا یادوں کا غبار
رقص کرتی ہوئی تنہائی کے پیاسے سائے
میں اکیلا ہوں مگر پھر بھی اکیلا تو نہیں

Marfat.com

## "ایک یاد"

لپٹی ہوئی تھی آنکھ سے اس کے بدن کی بیل
مہکا رہے تھے ذہن کو سرگوشیوں کے پھول
گدرائی چاندنی میں وہ اجلی شرارتیں
صدیوں کی برف توڑ گئیں چند ساعتیں
آواز اس کی اوڑھ کر پھر سو گئے تھے ہم
ان دیکھی گہری وادیوں میں کھو گئے تھے ہم

Marfat.com

## "دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے"

وہ لمحے
سوچ کی دہلیز پر ٹھہرے ہوئے ہیں
دسمبر کے مہینے میں
ہزاروں سال پہلے جب
ترے وعدے کے ہونٹوں نے
مری آنکھوں سے بہتی زندگی کے ہاتھ چومے تھے
مری بے رنگ باتوں کے کنارے
تم نے خوابوں کے سہارے اور اشکوں کے ستارے رکھ دیئے تھے
اور
ہوا کو اپنی چاہت کی حفاظت کا اشارہ کر دیا تھا
ہوا کی خنکیوں میں اب بھی تیری نرم باتیں
آہٹوں کا جال بنتی ہیں
سماعت اب بھی تیرے قہقہوں کا شور سنتی ہے

خیال اب تک تمہاری انگلیوں سے
میرے دل کے سرخ آنسو پونچھتا ہے
نگاہیں برف کے پھیلے چمکتے کینوس پر جا بجا
تیری رفاقت کی ضرورت پینٹ کرتی ہیں
ٹھٹھرتے پانیوں کے تن پہ بکھری دھوپ
تیرا ہجر روتی ہے
کہاں ہوتی ہے تو
محبت کی سلگتی رہ گزاروں کے کناروں پر
دسمبر اب بھی تیرا منتظر ہے

Marfat.com

## مجھے آغاز کا دکھ ہے

ترے کمرے میں بکھرے کانچ کے برتن بتاتے ہیں
کہ کوئی خواب ٹوٹا ہے
کتابوں پر پڑے گلدان کے ٹکڑوں میں
پھولوں کی کہانی ہے
جو تم نے رات کے پچھلے پہر
اک خوبرو مہمان کی خاطر سجائے تھے
تمہارے بیگ کی زپ بھی کھلی ہے
اور تمہارا پرس بھی
کھونٹی پہ الٹا ایسے لٹکا ہے
کہ جیسے کوئی چمگادڑ
سحر کی روشنی سے خوف کھا کر آسمان کو گھورتی ہے
دھوئیں کے بادلوں کی زد میں ہوتے ریشمی کپڑے
مری آنکھوں نے دیکھے ہیں

Marfat.com

ترے نیکلس کے کچھ موتی

ترے باہر کے دروازے کی چوکھٹ پر

مرے پاؤں کے نیچے آ رہے تھے

یہ وہی پاؤں ہیں جو تیری محبت میں

فقط محوِ سفر ہیں

ترے انجام کا مجھ کو پتہ تھا!

مجھے آغاز کا دکھ ہے

Marfat.com

جوانی جب محبت کے ادھورے گیت گاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے
اداسی ساری ساری رات جب مجھ کو جگاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

میں اپنے دل کی دھڑکن کی صدائیں سن کے گھبراہٹ میں کمرہ چھوڑ دیتا ہوں
کوئی آواز ہے جو میرے پیچھے پیچھے آتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

ہمارے گھر کے آنگن میں طلوع شام کا منظر بڑا دلدوز ہوتا ہے
ہوا جب زرد پتوں کو "بکھر جانا" سناتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

گلابوں جیسی آنکھیں جب محبت کے سفر پر اپنا پہلا پاؤں دھرتی ہیں
مرے دل میں پرانی اک دعا آنسو بہاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

Marfat.com

تمہارے قرب مین بیتے ہوئے کچھ ریشمی لمحے مرے خوابوں میں آتے ہیں
تو ایسے میں تری آواز ہی مجھ کو جگاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

سلگتے موسموں کی بے اماں دوپہر کو خوشبو جب انجانے سے خدشے سے
سسکتے بے گنہ پھولوں کو تنہا چھوڑ جاتی ہے تمہاری یاد آتی ہے

Marfat.com

# محبت

محبت دشت فرقت میں
بنا راحت سفر چلتے کسی مجذوب کے دل سے نکلتا ایک نوحہ ہے
محبت راستوں کے جال میں بھٹکا ہوا راہی
کسی کے بام پر ٹھہرا ہوا اک اجنبی چہرہ
محبت خواب بن جائے تو تعبیریں نہیں ملتیں
محبت ایک بارش ہے
جو اک اک بوند کر کے تن سے من میں جب اترتی ہے
سریلے ساز بجتے ہیں
انوکھے باب کھلتے ہیں
محبت کرنے والے تو فصیل جاں کو داؤ پر لگا کر بات کرتے ہیں
وہ کانٹوں کی زمینوں پر بھی ننگے پاؤں چلتے ہیں
محبت ایک سرگوشی
کسی فنکار کے ہاتھوں سے چھڑتا بے خودی کا راگ

محبت بارشوں کے موسموں میں یاد کی کلیاں

محبت جلتے تپتے راستوں پر پھیلتا سایہ

محبت اک قضا بن کر بھی آتی ہے

کئی لوگوں کے جیون میں

محبت مرگ گل بھی ہے

محبت یاس کی صورت

اک ایسی پیاس کی صورت

کبھی جو بجھ نہیں پاتی

محبت اک اداسی ہے

بلا کی خامشی بھی ہے

محبت موسموں کو حسن کا پیغام دیتی ہے

محبت چاہنے والوں کو یہ انعام دیتی ہے

قبولیت کے دروازوں پہ مہکی اک دعا بھی ہے

محبت اک سزا بھی ہے

محبت بہت جھڑوں کا نام

محبت اک سلگتی شام

Marfat.com

# محبت

محبت حسن کی بارات
محبت درد کی سوغات
محبت تتلیوں کے رنگ میں ڈوبا ہوا نغمہ
محبت رات کی تنہائی میں باتیں سناتی ہے
محبت گیت گاتی ہے
محبت چلمنوں کے پیچھے چھپتا ایک چہرہ ہے
محبت ایک دیوانے کے چہرے کا وہ سہرا ہے
جسے اقرار نے باندھا
محبت پارسائی ہے
محبت ہی خدائی ہے
محبت درد کی آغوش میں پلتا ہوا نوحہ
محبت عشق کی دہلیز پر ٹھہرا ہوا بادل
محبت ایک رستہ ہے

Marfat.com

گھنیرے جنگلوں کے بیچ سے تنہا گزرنے کا
محبت منجمد تاریک رستوں کا سہارا ہے
محبت دھیرے دھیرے دل کے آنگن میں اترتی ہے
کسی کے ساتھ بیتے ایک لمحے کو ترستی ہے
محبت خود پہ ہنستی ہے
محبت فیصلہ ہے فاصلوں سے پیار کرنے کا
کسی سے دور رہ کر بھی کسی کے پاس رہنے کا
محبت عالم گل میں صبا کا ایک جھونکا ہے
محبت گرم موسم میں خنک سا ایک جذبہ ہے
محبت کالی راتوں میں چمکتا ایک سپنا ہے
محبت اونچے نیچے راستوں کا اک سفر بھی ہے
محبت ایک صحرا ہے محبت ایک گھر بھی ہے

Marfat.com

# محبت ہو بھی سکتی تھی

اگر یہ فاصلہ جو درمیاں ہے دور ہو جاتا
ترا ہنسا ترا رونا مجھے مقدور ہو جاتا
تو تم سے بات کرنے کے کئی امکان ہو جاتے
جو باہم رابطے مشکل ہیں وہ آسان ہو جاتے
مرے دل میں کمی سی ہے ہمیشہ ساتھ رہتی ہے
اگر تم پاس رہتے تو محبت ہو بھی سکتی تھی

Marfat.com

# مجھے اس سے محبت ہے

مرا آدرش بس یہ ہے
مری باتیں اسے منزل پہ پہنچا دیں
وہ منزل جس پہ اس کی حیثیت آزاد ہو
اس کو کوئی خوف نہ خطرہ ہو
زمانے کے اصولوں دوسروں کے فیصلوں سے ماورا
اک ایسی شخصیت
جسے مجھ سے محبت ہو
جسے خود سے محبت ہو
ہزاروں زاویوں سے اس کی شخصیت میں شامل ہو کے
اس کو میں کئی رنگوں میں رنگ ڈالوں
مری نظمیں مری غزلیں اسے میرا بنا دیں
وہ مرے گیتوں کو سن سن کر
ہنسے روئے
وہ مجھ سے دور رہ کر بھی
مجھے محسوس کرنے کے ہر اک انداز سے گزرے

کبھی ایسا بھی ہو جائے
وہ اپنی بے پناہ مصروفیت سے کچھ دنوں کے واسطے

Marfat.com

میرے لیے اپنے لیے کچھ وقت لے آئے
کسی خاموش ریستوران کے اندر
وہ کچھ پل کیٹس اور پھر بائرن پر بات کرکے
مجھ کو Beatles کے کسی مسحور گانے کا حوالہ دے
وہ تھامس ہارڈی کے Tess پر کچھ اس انداز سے باتیں کرے
میری نگہ نمناک ہو جائے
مرا غم کتنا گہرا ہے
میں کتنی مشکلوں سے منزلوں کو چھو سکا ہوں
اس کو یہ ادراک ہو جائے

کسی بل کھاتی پگڈنڈی پہ
پھولوں سے لدے پیڑوں
سنہری رات میں کرنوں کی برساتوں کو جب وہ غور سے دیکھے
میں اس کو غور سے دیکھوں
جھکے بادل کے سائے میں کسی برفیلے رستے پر
کسی مچلے ہوئے جذبے پہ
کچھ پل بات کرکے وہ
ذرا سا روئے پھر ہنس دے
وہ اپنی بے پناہ مصروفیت سے کچھ دنوں کے واسطے
میرے لیے اپنے لیے کچھ وقت لے آئے
ہری رت میں گھنے اشجار میں بہتی ہوئی

Marfat.com

ندی کے سائے میں
وہ مجھ سے بات کر لے
اور
مجھے بے سمت آمد کی خبر کا سایہ دے کر پھر
کسی بے نام رستے پر نکل جائے
ہمیشہ دور رہنے کے لیے لیکن
وہ مجھ سے دور ناں جائے
ہمیشہ پاس رہنے کے لیے لیکن
وہ میرے پاس ناں آئے
اگر وہ دور جائے گی تو مجھ کو بھول جائے گی
اگر وہ پاس آئے گی تو مجھ سے ٹوٹ جائے گی
اسے پانے نہ پانے کی یہ کیفیت
مرا انجام ہو جائے
سفر بے نام ہو جائے
مجھے بس یاد رہنے کے لیے
اس سے محبت ہے
مجھے اس سے محبت ہے

○

اب کبھی ناں محبتیں ہوں گی
ہر کسی سے شکائتیں ہوں گی

جن کو چاہا نہیں گیا یارو
ایسی کتنی ہی صورتیں ہوں گی

مجھ کو دیکھا ہوا نے تیرے ساتھ
اب قیامت کی بارشیں ہوں گی

اس کو بھی چاند سے محبت ہے
اس کے دل میں بھی حسرتیں ہوں گی

Marfat.com

زندگی کے کٹھن سفر میں عمر
اس کو میری ضرورتیں ہوں گی

Marfat.com

# NEW YEAR CARD

اک سال کے آخر میں
اک سال کی آمد کی
تم خبر سناتے ہو
یوں پیار جتاتے ہو
وہ سال کب آئے گا
جب اپنی آمد کی
تم خبر سناؤ گے
یوں پیار جتاؤ گے

Marfat.com

# محبت جب نئے محور پہ آئے گی

محبت جب نئے محور پہ آئے گی
تو اپنے آپ کو ڈھونڈو گے، تم بھی پھر
کسی روتی ہوئی تصویر کے اجڑے نظارے میں
کنار شام ساگر کے کنارے پر
زمیں میں دفن ہوتے ریشمی سورج کی حالت کے اشارے میں
کسی ٹوٹے ہوئے دل میں
کبھی بنجر زمینوں کی طرف چلتے
کسی خاموش رستے پر
سمے کی آگ میں جل کر فنا ہوتے سوالوں میں
محبت کے تصور کے کئی مردہ حوالوں میں
کسی ٹوٹے ہوئے مندر یا بوڑھے سائے میں

Marfat.com

جو دھوپ سے لڑنے سے قاصر ہے
محبت جب نئے محور پہ آئے گی
کئی سمتوں میں یہ تحلیل ہو گی
اور اپنے آپ کو ڈھونڈ گے
تم بھی پھر
سلگتی دھوپ میں پھولوں کی رنگت کی پکاروں میں
یا ساحل سے گریزاں ہوتی لہروں کے اشارون میں
یا ان لوگوں کی حالت میں
جنہیں شوق سفر نے مستقل تنہائیاں ہی دیں
محبت جب نئے محور پہ آئے گی
یہ ممکن ہے کہ تم خود کو
کسی صحرا کی جانب ڈھونڈنے نکلو

Marfat.com

ایک دریا کو راستہ دے کر
ایک صحرا نے خودکشی کر لی

Marfat.com

## "تمہاری برتھ ڈے پر"

تمہاری برتھ ڈے پر
کونسا تحفہ تمہیں بھیجوں
مری چشم تصور مختلف سے رنگ کی اک نیل پالش
اور مچلتے شیڈ کی اک لپ سٹک کو
مسکراتی چوڑیوں کے سائے سائے دیکھتی ہے
کبھی میں سوچتا ہوں
شہر کے فیشن زدہ بوتیک سے
کچھ نت نئے انداز کے کپڑے خریدوں
اور تم کو بھیج دوں
ذرا سی دیر میں یہ دل مرا یہ مضطرب دل
میری انگلی کو پکڑ کے

Marfat.com

شہر کی سب سے مزین شاپ کا منظر دکھاتا ہے
جہاں پر بے شمار انٹیک نظروں کو لبھاتے ہیں
یہی وہ شاپ ہے جس سے ہزاروں سال پہلے
میں نے تیرے جیسی اک لڑکی کی خاطر
وصل کے تحفے خریدے تھے
مگر اب میں،
پرانی خواہشوں کی قبر کے پہلو میں بیٹھا
سوچتا ہوں
مرا غم بھی کسی انٹیک سے کم تو نہیں ہے
تمہاری برتھ ڈے پر
تم کو اپنے دائمی غم کا اندھیرا بھیج دیتا ہوں
یہ ممکن ہے کہ تم اس پر
محبت کے ستارے ٹانک دو

Marfat.com

# اوک میں سویا ہوا سوال

تمہیں میری محبت کی قسم مجھ کو بتا دو نا!
تمہارے پہلے پہلے ریشمی جذبوں کو
چھونے والا ساحر کون تھا
تمہارا استعارا کون تھا
تمہارے شہر میں مہکا ہوا کوئی اجنبی سورج
تمہارے حزن میں پلتا ہوا کوئی نرگیں لمحہ
کوئی تارہ جو امکاں کے افق پر بارہا چمکا
تمہارے شہر سے گزرا ہوا کوئی بے کراں دریا
شکستہ لوح پر لکھا ہوا پھولوں کا موسم
یا کنار شب اندھیرے کو فنا کرتا ہوا
اک ریشمی ہالا

Marfat.com

کئی پرکھوں سے جس نے نیند کو لوٹا
تمہارے برج کی وہ رقص کرتی آخری خواہش؟
بتا دو کون تھا؟
جس نے تمہارے زندگی بھر کے سوالوں کو
دعاؤں کے مہکتے سلسلوں کو
وقت کے دل پر سجانے کی قسم دی تھی
تمہیں میری محبت کی قسم مجھ کو بتا دو
وہ اشارہ کون تھا
جس نے تمہیں منزل کے پہلو میں
چمکتے آئینے دکھلا دیئے تھے
جن میں تیری شکل رنگوں میں بدلتی تھی
کنارا کون تھا جس کی ہواؤں نے
تمہیں اک اجنبی ساگر میں
گھل جانے کی خواہش دی
تمہیں میری محبت کی قسم
مجھ کو بتا دو نا

Marfat.com

○

تمہارے بعد بھی ہم نے یہ سلسلہ رکھا
تمام شہر کے لوگوں سے رابطہ رکھا

نجانے کب کوئی ہم کو وہ بات بتلا دے
قریب رہ کے بھی جس نے ہمیں جدا رکھا

تمہاری شکل میں دیکھا ہے اپنی صورت کو
تمہارا نام تبھی ہم نے آئنہ رکھا

# وہ کون تھی

وہ خواب تھی ایک واہمہ تھی
کہ صرف میرا خیال تھی وہ
وہ دور رہتی یا پاس رہتی
مرے خیالوں میں مستقل وہ بہار جیسا مقام رکھتی
وہ جب بھی مجھ کو سلام لکھتی
محبتوں کا پیام لکھتی
تو یہ بھی لکھتی
خیال رکھنا
تمہارے جذبے مری امانت ہیں
یہ امانت سنبھال رکھنا
مجھی کو چاہو مجھی سے رکھو
تمام رشتے تمام ناطے
تمام گھڑیاں تمام باتیں تمہاری میری ہی سلطنت ہیں
یہ چاندنی کی حسین راتیں
مرے خیالوں میں تم گزارو

Marfat.com

دھنک کے سارے حسین رنگ اور
مستیاں جو بہار کی ہیں
حکایتیں جو نکھار کی ہیں
ضرورتیں جو قرار کی ہیں
شرارتیں ہیں ہواؤں کی جو
بغاوتیں ہیں جو بادلوں کی
یہ تتلیوں کی حسین نازک ادا میں جو بھی ہے فلسفہ سا
مجھی پہ سب کچھ نثار کرنا
مجھی سے تم جان پیار کرنا
سنو کبھی تم گنوا نہ دینا
وفاؤں کا وہ حسین موتی
جو تم نے مجھ سے چرا لیا ہے
مجھے کبھی تم بھلا نہ دینا
ہزار راہیں ہیں زندگی کی
ہزار سمتیں ہیں راستوں کی
کہیں کبھی تم بھٹک نہ جانا"
وہ خواب تھی ایک واہمہ تھی
یا صرف میرا خیال تھی وہ
وہ کون تھی

Marfat.com

# ہوا سے سوال

سبھی کہتے ہیں
جاتے وقت اس کی ساری تاویلیں
مرے ہی پیار میں ملبوس تھیں
تو پھر وہ لوٹا کیوں نہیں
ہائے وہ میرے مسئلے کی روح تک کو جانتا تھا
زندگی میرے لیے کچھ مختلف ہے مانتا تھا
اب پرانے ڈر کے جالے ذہن و دل سے کون دھوئے گا
مجھے اب کون روئے گا
بکھرتی زندگی کی بن بیاہی خواہشیں
اب چیونٹیاں بن کر
مرے کل کے تصور کے بدن کی ہڈیاں تک کھا رہی ہیں
اور نہ جانے اب یہ سانسیں بھی کہاں سے آ رہی ہیں
سبھی کہتے ہیں
جاتے وقت اس کی ساری تاویلیں
مرے ہی پیار میں ملبوس تھیں
تو پھر وہ لوٹا کیوں نہیں
بولو وہ لوٹا کیوں نہیں ہے؟

## میں اپنا ہجر رونا چاہتا ہوں

میں تیرے ہاتھ پر مسلا ہوا دل رکھ کے
اپنا ہجر رونا چاہتا ہوں
سمے کے پھیلتے ساگر میں میرے گمشدہ جیون کا دکھ
تیرے سہارے کا کنارہ چاہتا ہے
مجھے معلوم ہے تو وہ کبھی بھی ہو نہیں سکتی
مگر میں نے شباہت کی محبت میں
مسیحائی کو ڈھونڈا ہے
تبھی تیرے سواگت میں
بصارت حوصلے کے خواب بنتی ہے
کئی بے شکل آوازوں سے شل میری سماعت
تیرے ملنے کے خیالوں سے بہکتی ہے

مری سوچوں کے جنگل کے اندھیرے میں
کسی بھی عارضی ممکن کی مشعل کی ضرورت ہے
جو میرے درد کی شدت میں
شاید کچھ کمی کردے
مجھے معلوم ہے ہاری وفا سرطان کی صورت
بدن اور روح میں جب پھیل جاتی ہے
اداسی موت کا آغاز گاتی ہے
مگر میں نے شباہت کی محبت میں
مسیحائی کو ڈھونڈا ہے
مسیحائی جو میری موت کو آسان کردے

Marfat.com

## مری کے مال پر

سفر سے پہلے کا سارا خیال جھوٹ ہوا
کوئی تمنا ہے جیتی ہے اور مرتی ہے---
مری کے مال پہ ویرانی رقص کرتی ہے

Marfat.com

# تمہاری یاد آتی ہے

تمہاری یاد آتی ہے
اندھیری رات کو جب آسماں پر
بجلیاں حرف محبت نقش کرتی ہیں
کسی ناکام ساعت جب
ہمارا دل شکستہ کہ حوصلے کا نوحہ گاتا ہے
نئی ہجرت ہماری زندگی کی تازہ مجبوری کے آنگن میں
سیہ خیمہ لگاتی ہے تو ایسے میں
تمہاری یاد آتی ہے
تمہاری یاد آتی ہے
کبھی آباد سڑکوں کے کناروں پر
کبھی مقتول جذبوں کے مزاروں پر

کبھی بنجر زمینوں پر
کنارِ شب زمیں میں دفن ہوتے
ریشمی سورج کی حالت کے اشارے پر
جدائی کے کنارے پر
کہیں موسم بدل جائے
کبھی جو ساز مل جائے
کبھی جو گیت بن جائے
کبھی سنگیت چھن جائے
محبت ساز لمحوں میں
بہت ناراض لمحوں میں
زمانے کے سوالوں میں
حفاظت کے خیالوں میں
تمہاری یاد آتی ہے
جب آدھے راستوں پر جا کے منزل بھول جاتی ہے
تمہاری یاد آتی ہے

○

سورج پل پل چھپتا اور نکلتا ہے
دن مجھ پر افسوس سے آنکھیں ملتا ہے

# دھند

انہی موسموں میں
ہماری ضرورت کے پل نے
محبت کے مہکے ہوئے شہر کے راستوں سے
سفر بھر دیا تھا
دکھوں سے بھری زندگی شانت ہو کر
رفاقت کی ساری رسومات کے سکھ سے
لپٹی ہوئی مسکراتی ہوئی جی رہی تھی
امیدوں میں لپٹے ہوئے قہقہے
روشنی کے سفر کا اشارہ بنے تھے
مگر یہ خوشی موت سے حاملہ اک اداسی کی ماں تھی
انہی موسموں میں

Marfat.com

بدلتے ہوئے راستوں سے خیالوں کی مرغابیاں ڈر گئیں
تو سبھی خواہشیں مر گئیں
نارسائی کے کیچڑ میں دھنستی ہوئی زندگی کی
زباں تھک گئی
اداسی نے اب موت کے Monster کو
مرے نیلے کمرے کی دیوار کے دل پہ ٹانکا ہوا ہے
میں ناراض موسم میں
انجام کے بیڈ پہ بیٹھا ہوا مختصر ہو رہا ہوں
میں اب سو رہا ہوں
میں اب--- سو--- رہا ہوں---

Marfat.com

Marfat.com

## سانحہ

اس لڑکی کے ہاتھ کے دل میں
پچھلی رات کا وعدہ تھا
اور آنکھوں میں
آنے والی رات کی گہری پرچھائیں

## مون لائٹ ☆

مال روڈ کے گرد غبار میں ڈھلتی اجڑی شام
ناموں والے شہر کے اندر
میں بے گھر بے نام
بیتے وقت کا بوجھ اٹھائے
چلتے چلتے جب لاہور کے دل تک پہنچا
دھکے کھاتے میں نے ایک قطار میں ٹکٹ خریدا
اور پھر اپنے بوجھ کو پل دو پل کی خاطر
نیچے رکھا
ترسی آنکھیں ننگی آوازوں کے نشے میں گم تھیں
لوگوں کے دکھ انجانے جسموں کی صورت
خوشیاں بن کر رقص میں تھے

Marfat.com

میرے دکھ بھی ان جیسے تھے
میں بھی اپنی خوشیاں دیکھ کے خوش تھا
لیکن
مون لائٹ سے باہر رات بہت ویران تھی
شام سے بھی ویران
میری ذات کے اندھیاروں سے
آسمان پہ پھیلی کالی چادر تک ویران

☆ لاہور کا ایک سینما

Marfat.com

## "یہ کس کی یاد ہے"

زمیں پہ سایہ شب جب بھی سانس لینے لگے
اداسیاں لئے آتی ہیں درد کی دستک
کبھی جو رت جگے میں جسم کروٹیں بدلے
تو صحن دل میں کسی دکھ کی قبر ہلتی ہے
کبھی جو چاند گھٹاؤں کی زد میں آ جائے
فلک کو دیکھتے ہی آنکھ رونے لگتی ہے
کبھی جو تیز ہوا بارشوں کو لے آئے
ہزار وسوسے سانسوں میں رقص کرتے ہیں
یہ کس کی یاد ہے
در و دوار پہ دائم ہے کون سا قصہ
میں جانتا ہوں مگر جانتا نہیں ہوں میں

Marfat.com

○

اس کے ہاتھوں پہ حنا پاؤں میں پائل ہوگی
ایک دیوار مگر بیچ میں حائل ہوگی

اس کے جلوؤں کے بہت پاس میں ہوں گا لیکن
وہ کسی اور کی تقدیر کا حاصل ہوگی

سرخ کپڑوں پہ سجے تار نہ ہوں گے میرے
اس کی آنکھوں میں مرے پیار کی جھلمل ہوگی

جاتے جاتے وہ مجھے پیار سے دیکھے گی جب
روتے روتے وہ مری روح میں شامل ہوگی

Marfat.com

مجھ سے وہ دور بہت دور چلی جائے گی
یہ کہانی بھی سر بزم مکمل ہو گی

Marfat.com

# عجیب رستے ہیں زندگی

عجب رستے ہیں زندگی کے
وہ جو بہاروں کی آبرو تھا
ہزار رنگوں کی جستجو تھا
زمانے بھر میں عزیز کہہ کر
محبتوں کا امین کہہ کر
وہ جس کو پونم کا چاند کہہ کر پکارتے تھے
وہ خود فریبی میں کھو کر اپنی تمام سمتوں کو خود ہی بھولا
اب اس کے چہرے پہ اجنبیت ہے
اس کی باتوں میں دوستی کے عظیم بندھن کے ٹوٹنے کی عجب خبر ہے
عجیب رستے میں زندگی کے
کہ ہم نے جو بھی خیال دل میں سجائے رکھے

Marfat.com

وہ خواب بن کر بکھر گئے ہیں
سوال جسم اور جان کے جو بچائے رکھے
جواب کے اب بھی منتظر ہیں
شکائتوں کا حساب ہو گا
ہم اپنے خوں سے لکھیں گے اب ایک ایسا نغمہ
کہ جس کا عنوان سراب ہو گا
جو ذہن و دل کے سبھی سہاروں کے ٹوٹنے کی کتاب ہو گا
وفا میں ہارے ہوئے بچارو
عجیب رستے ہیں زندگی کے
عجیب بندھن ہیں دوستی کے
کبھی دلیل بہار ہیں یہ
کبھی یہ صدیوں کی جستجو کو
بس ایک ساعت میں خاک و خوں میں ڈبو کے
ہم سے سوال پوچھیں کہ کون ہو تم
کہاں سے آئے ہو
اجنبی ہو
یہ کن خیالوں کے ہو گئے ہو
یہ کن سوالوں میں کھو گئے

Marfat.com

## اس سے پہلے کہ

اس سے پہلے کہ ان آنکھوں سے لہو گرنے لگے
تجھ کو لاحق ہو کسی سرد جزیرے کا سفر
میری آواز میں آجائے غریب الوطنی
آ کسی روز محبت کی اجازت کے سمے
اپنے خوابوں کی زمینوں کی ہوا کو چھو لیں

# میری منتظر رہنا

جواں ہے چاند بھی اور خوشبوؤں کا موسم ہے
ستم شعار ہیں اب دوریوں کے یہ بندھن
دل و نگاہ سے آگے بھی ایک دنیا ہے
ہمیں تو روح کی گہرائی میں اترنا ہے
چلو کہ جسم کی دہلیز پار کر لیں ہم
سمے کی بے رخی تو ہر کسی نے دیکھی ہے
لہو کی شورشوں کا اب یہی تقاضا ہے
متاعِ زندگی میں لمحے جو میسر ہیں
تمہاری زلفِ پریشاں کو میں سنواروں گا
تمہیں میں اوڑھ لوں گا تم بھی مجھ کو پہنو گی
خیال و خواب میں اک یاد ہم سجائیں گے
مہکتی روشنی میں میری منتظر رہنا

Marfat.com

# اگر تم پاس رہتے تو

محبت کے سوالوں کو حوالے مل گئے ہوتے
"جہاں پھولوں کو کھلنا تھا وہیں پر کھل گئے ہوتے"
مرے ایمان کی تکمیل بھی آسان ہو جاتی
فراریت مجھے بے سمت رستوں پر نہ بھٹکاتی
ضرورت مجھ کو بے آواز چہروں سے نہ ملواتی
ہزاروں صورتوں میں یوں کبھی تجسیم نہ ہوتا
اگر تم پاس رہتے تو
میں یوں تقسیم نہ ہوتا

○

وہ میرا مسئلہ حل کر گیا ہے
طبیعت اور بوجھل کر گیا ہے
میں جیسے اور ادھورا ہوگیا ہوں
مجھے وہ یوں مکمل کر گیا ہے

Marfat.com

## ☆KINNAIRD

سنہری گلابی دسمبر کی کھلتی ہوئی دھوپ جیسی
محبت بھری لڑکیاں
یہ نہیں جانتیں کہ محبت کی قسمت میں تاریکیاں ہیں
وہ تاریکیاں جن میں اپنے خدوخال
ہاتھوں سے بھی ناں پڑھے جاسکیں
زندگی کے تصور سے مہکی ہوئی لڑکیو!
جان لو کہ تمہارا سفر ایسے ساگر کی جانب ہے
جس کی ہواؤں کی جنت تو کچھ دن ہے
اور پھر
اندھیرا اگلتی ہوئی ایک گہرائی ہے
جس میں ساری صدائیں سماعت سے محروم مرجائیں گی

Marfat.com

جو ہزاروں محبت بھری داستانوں کا انجام ہے
لڑکیو! تم بدن کے سوالوں کی شدت سے بہکی ہوئی ہو
جوابوں کی دھرتی کا ظالم سفر تو
تسلی کے جوتے پہن کر بھی
تم سے نہ طے ہو سکے گا
سنہری گلابی دسمبر کی کھلتی ہوئی دھوپ جیسی
محبت بھری لڑکیاں یہ نہیں جانتیں کہ
محبت کی قسمت میں تاریکیاں ہیں

---

☆ لاہور کا ایک کالج

Marfat.com

# وہ کہتی ہے

وہ کہتی ہے
محبت کو اناٹومائیز☆ کر دینا نہیں اچھا
تمہارے لفظ پورے ہیں
مگر پھر بھی ادھورے ہیں
کسی خاموش شب
میرے فلک پہ آ کے
اپنے ہونے کی روشن گواہی دو
محبت روح ہوتی ہے سمجھتے ہو
بدن سے روح کی ہمسائیگی کو بھی سمجھ جاؤ
محبت کی اجازت کے سمے اک روز آجاؤ
بدن سے روح کا گھر پوچھتے ہیں

☆ Anatomise

Marfat.com

# LINTOTT☆ میں

دیکھا جو میں نے غور سے
باہر کنار شام تک
سورج نے ہاتھ باندھ کر
مجھ کو سلام کہہ دیا
پھر اک سریلی بات نے
سردی میں گرم ہاتھ نے
مجھ کو ذرا ہلا دیا
سورج کا غم بھلا دیا

---

☆ Lintott (مری) کا ایک ریستوران

Marfat.com

# کلاس آخری تھی

کلاس آخری تھی
گلابی قمیص اور سفیدی سے رنگ کے دوپٹے میں ملبوس
دیوار کے سائے سائے
مرے پاس ہی وہ کھڑی تھی
عجب سی گھڑی تھی
وہ لکچر میں گم تھی
میں لکچر سے ہٹ کر اسے دیکھنے لگ گیا تھا
وہ جونہی مجھے دیکھتی
میں نظر کو جھکاتا قلم کو گھماتا
مگر کچھ نہ لکھتا
کہ لکھنے کو کیا تھا

سنی اور سنائی ہوئی ساری باتیں
پریشان تھا اس کو کیسے بتاؤں
کہ وہ ساری بے معنی باتیں
مرے اس کے باہم جو ہوتی رہی ہیں
کلاس اور کالج کے لانوں میں بیٹھے
اب اک لمحہ جاں گسل میں سمٹ کر
مرے خون میں دوڑنے لگ گئی ہیں
کلاس آخری تھی
گزرتے سمے کو میں محسوس ایسے کئے جا رہا تھا
کہ جیسے مری سانسیں مجھ سے جدا ہو رہی تھیں
سفیدی سے رنگ کا وہ کاغذ مجھے یاد ہے
جس پہ میں نے گلابی سیاہی کے دل سے
محبت کی پہلی دعا نقش کر کے اسے بھیج دی تھی

Marfat.com

Marfat.com

○

مجھے فریب نہ ملتا اگر ستاروں سے
میں آسمان کے آنگن میں گھر بنا لیتا

# شوقِ پرواز تو آواز کو دکھ دیتا ہے

شام سے آگے سوالوں کے دھندلکے سے پرے
شب کے آنگن میں ترے وصل کا جلنا ممکن
میں نے سوچا تو ہے لیکن مرے آغاز پسند
شوقِ پرواز تو آواز کو دکھ دیتا ہے
وصل کی کوکھ سے بس ہجر جنم لیتا ہے

## ماتم ☆

تم وہ تو نہیں ہو
وہ تو مر چکی ہے
تم نے کسی کے ساتھ مل کر
اس کو مار ڈالا ہے

---

☆ نثری نظم

Marfat.com

○

اس کو شہر سے دور بلایا کرتے تھے
ہم بھی اپنا پیار چھپایا کرتے تھے

رو رو کر جب آنکھیں دکھنے لگتی تھیں
اک دوجے کو خوب ہنسایا کرتے تھے

لمحہ لمحہ درد میں جلتے رہتے تھے
صورت صورت آس لگایا کرتے تھے

تنہائی میں دل کی سوچ زمینوں پر
ہم یادوں کے شہر بسایا کرتے تھے

باہر خوش خوش رہنا اپنی عادت تھی
گھر میں جا کر نیر بہایا کرتے تھے

# خواب سمندر

کہاں تھی تم
مجھے جب تیرے ہونے کی ضرورت تھی
میں اپنی مرضی سے اپنے بدن کا
کوئی بھی حصہ ہلانے سے بھی قاصر تھا
اماوس کی وہ تنہا رات
جب خوابوں کے آنگن میں کوئی تصویر لہرائی
جسے خونی تبسم نے بھیانک روپ بخشا تھا
میں کہنہ مشق ہاتھوں میں کسی کٹھ پتلی کی صورت
تماشا بن گیا تھا
اور خیالستان کی پریاں بھی تھک کر سو گئی تھیں تب
کہاں تھی تم
کہاں تھی تم
مری دنیا میں سورج جب کبھی مشرق کبھی مغرب میں ڈھلتا تھا
مری باتیں کسی منطق سے عاری تھیں
تمنا تشنگی کے راستوں سے دور رہتی تھی
مری چوکھٹ پہ امیدوں کا رقص ناتواں

Marfat.com

حیرانیوں کی اک فضا میں
آخری سانسوں میں تھا
مرے آنگن میں ڈھولک کی سریلی تھاپ
دھیرے دھیرے موسیقی سے عاری ہوتی جاتی تھی
میں اپنی حیثیت سے بڑھ کے
آوازوں کے پیچھے دوڑنے پھرنے کا قائل تھا
مسافت ناچتی تھی اور منزل ڈگمگاتی تھی
کہاں تھی تم
اجالے کے پرندے کو
محبت کے پروں کی جب ضرورت تھی
مرے خوابوں کی اندازوں کی حالت بھی
بگڑنے کے مراحل سے گزر کر جب
سمے کی بھول میں گم تھی
کہاں تھی تم
اب آئی ہو تو بیٹھو تم
مجھے اب بھی تمہارے ریتلے جسم اور باتوں کی ضرورت ہے
مجھے تھامو--- مجھے چھو لو
سنو!!! مجھ کو نظر آؤ
کہاں ہو تم---
کہاں ہو تم---

Marfat.com

○

سلگتے چاند کی تنہائیوں میں زندہ ہوں
میں اپنے درد کی پنہائیوں میں زندہ ہوں

کسی کی نیند میں مہکا ہوں خواب کی صورت
کسی کے جسم کی انگڑائیوں میں زندہ ہوں

دھنک خیال کی لفظوں کا ریشمی بستر
میں تیرے ہجر کی رعنائیوں میں زندہ ہوں

یہ لوگ تازہ رفاقت میں سانس لیتے ہیں
میں اپنی ذات کی تنہائیوں میں. زندہ ہوں

Marfat.com

کشش فرار کی انسان کا مقدر ہے
پرائے خواب کی پرچھائیوں میں زندہ ہوں

Marfat.com

# آگے بھاگے جا رہی ہے میرے فردا کی لکیر

ہچکیاں لیتی ہوئی یہ رات کی تنہائیاں
آنکھ ہے خاموش میری دھڑکنیں بیزار ہیں
حسرتیں لپٹی ہوئی ہیں روزن دیوار سے
جگمگاتی روشنی میں آئینہ خاموش ہے
سسکیاں لیتی ہوئی تحریر کی تصویر میں
رہ گزار آرزوئے شوق بھی اب سو گئی
ماند پڑتا جا رہا ہے حوصلے کا چاند بھی
آگے بھاگے جا رہی ہے میرے فردا کی لکیر

Marfat.com

○

اکثر اتنا سوچ کے ہم ڈر جاتے ہیں
کتنے پاگل سڑکوں پر مر جاتے ہیں

Marfat.com

# خواب ہے تیرا بدن

بھولی بھٹکی زندگی میں جلتی بجھتی روشنی میں
میرے من کی بے خودی میں میرے تن کی بے بسی میں
بارشوں کے موسموں میں پانیوں کی شورشوں میں
خواب ہے تیرا بدن
خواب ہے تیرا بدن
چاندنی کے پیرہن میں، گلستاں کے بانکپن میں
تتلیوں کے جھرمٹوں میں، طائروں کی انجمن میں
موسموں کی بے رخی میں آتی جاتی ہر خوشی میں
خواب ہے تیرا بدن
خواب ہے تیرا بدن
ظلمتوں کی ساعتوں میں، زندگی کی الجھنوں میں
مشکلوں کے پربتوں پر، آرزو کے ساحلوں پر

Marfat.com

میری تنہا خواب گہہ میں' میرے دل کی ہر صدا میں
خواب ہے تیرا بدن
خواب ہے تیرا بدن
صبح تازہ میں نہیں ہے' شام صحرا میں نہیں ہے
دکھ کے عالم میں نہیں ہے' سکھ کے دامن میں نہیں ہے
فصل گل کی گفتگو میں' میری ساری جستجو میں
خواب ہے تیرا بدن
خواب ہے تیرا بدن

Marfat.com

○

سوال دل کا مجسم جواب ہو جائے
میں اس کو چھونے لگوں تو وہ خواب ہو جائے
ستارہ بن کے کبھی کہکشاؤں میں چمکے
کبھی زمین پر اترے گلاب ہو جائے

Marfat.com

# MURREE

دکھوں نے چاٹ لیا جب بھی میری ہمت کو
سمے کی بے رخی نے جب بھی سوگوار کیا
تعلقات میں جب بھی دراڑ پڑنے لگی
سسکتی زندگی کا حوصلہ بڑھانے کو
میں تیری پھیلتی بانہوں میں یوں سمٹ آیا
کہ جیسے پیاس کا مارا ہوا کوئی بچہ
لپٹ کے ماں سے ضرورت کا درد رونے لگے
تمہاری آنکھ میں امید کا جہان بخیر
یونہی مہکتی رہیں تیری پیار کی گلیاں
قدم قدم پہ ملیں تذکرے وفاؤں کے
فضا میں رقص کریں بادلوں کی تصویریں
شجر شجر پہ بنیں آشیاں ہواؤں کے
بدن پہ اوڑھ کر اپنی وفا کی ناکامی
سجا کے بالوں میں ٹوٹے ہوئے یقین کی راکھ
میں اپنے ذہن میں پھر حسن بونے آیا ہوں
تمہارے سینے پہ سر رکھ کے رونے آیا ہوں

Marfat.com

○

تعلقات ہر کسی سے اس طرح بڑھے ہوئے
تمہارے میرے درمیان فاصلے پڑے ہوئے
مری کے مال روڈ پر پرانے موسموں کی یاد
ہوا کے سرد دانت میرے جسم میں گڑے ہوئے

Marfat.com

## یاد

شبنمی سی رات تھی
چاند بھی جوان تھا
برف کے پہاڑ پر
چھوٹا سا مکان تھا
میں تھا میری یاد تھی ---
اگلی رت کی بات تھی
شبنمی سی رات تھی
چاند بھی جوان تھا
برف کے پہاڑ پر
چھوٹا سا مکان تھا
وہ بھی میرے ساتھ تھی

Marfat.com

# ایک واقعہ

تاروں کا آنچل تھا پتلی کمر
بانہوں میں گاگر تھی بہکی نظر
میں نے جو دیکھا تو شرما گئی
ہاتھوں کو آنکھوں پہ رکھنے لگی
گاگر بھٹک کے زمیں پر گری
پایل نے مجھ سے کوئی بات کی
چٹیا نے آنچل سے جھانکا مجھے
چوڑی بھی ہاتھوں کی بولی تھی "چھن"

Marfat.com

## خلش

اگر مرا انتظار کرتی
وہ شام شامِ وصال بنتی
وہ شب شبِ اختیار بنتی
میں ساری مشکل کا حل سمیٹے
تمہاری بستی میں آ گیا تھا

Marfat.com

Marfat.com

○

وہ جو دریا کے پار رہتی ہے
میری آنکھوں سے روز بہتی ہے

## دریچہ

کمال صبح وصال دیکھو
کہ کیسی خوشبو بکھر رہی تھی
فضا بھی ساری نکھر رہی تھی
بس ایسے لگتا تھا جیسے اپنی نڈھال قسمت سنور رہی تھی
تمہاری باتیں ہماری باتیں ہزار رنگوں میں ڈھل رہی تھیں
ہماری آنکھوں میں مضطرب ایک جستجو نے قرار دیکھا
محبتوں کا حصار دیکھا
زمین دل کے چہار جانب جو ایک مہکی سی روشنی تھی
مری نگاہوں سے اس پرے تک
اس ایک کونے سے دوسرے تک
کچھ اس طرح سے جمی ہوئی تھی
کہ ایک سیڑھی بنی ہوئی تھی

Marfat.com

جو بخششیں سی اتر رہی تھیں
وہ میرے امکان کے کناروں کو چھو رہی تھیں
سراغ منزل کو پا کے ایسے بہک گیا تھا
کہ شوخ آنچل ڈھلک گیا تھا
وہ رقص جسموں کے ہو رہے تھے
کہ عکس آنکھوں میں بو رہے تھے
تمہارے بے باک قہقہوں سے
مہکتی وادی میں دور تک
ایک بے حجابی سی ہو گئی تھی
ہوا گلابی سی ہو گئی تھی

Marfat.com

○

جب بھی ملتا ہے اپنی کہتا ہے
میری باتیں کہاں وہ سنتا ہے

شہر والو اسے نہ جانے دو
اس سے میرا سراغ ملتا ہے

پیار اس کو بھی ہوگیا ہوگا
وہ کتابوں میں پھول رکھتا ہے

لوگ باتیں بنا رہے ہیں کیوں
وہ تو گھر سے نہیں نکلتا ہے

چند لمحوں کو زندگی دے کر
پھر وہ صدیوں کے بعد ملتا ہے

رات بھی گھور کر سلاتی ہے
دن بھی باتیں سنا کے ڈھلتا ہے

اس کا چہرہ گلاب کیوں نہ ہو
وہ تو میرے لہو پہ پلتا ہے

Marfat.com

# تری آنکھوں میں دھوکہ ہے

مجھے دیکھو کہ میں بھی تو
تمہارے واسطے کتنے حوادث میں سے گزرا ہوں
کمال ضبط سے کتنے مصائب میں نے جھیلے ہیں
مرے اجڑے ہوئے چہرے کو کتنے رنگ بھولے ہیں
مری آنکھوں نے اگر رزم پیار میں کتنے ستم دیکھے
تمہیں پھولوں کا بستر دے کے خود کانٹوں پہ سویا ہوں
مرے ظاہر میں باطن کے سبھی غم تم نے دیکھے ہیں
اکٹھے ہم نے منزل کے سہانے خواب دیکھے ہیں
مرے پاؤں میں زنجیریں تھیں پھر بھی میرے ہونٹوں پر
تمہارے ہی ترانے تھے
میں حیراں ہوں!
تمہارے پاس دینے کو مجھے کوئی نہیں الزام
پھر بھی یہ ترا چہرہ یقیں سے آج خالی ہے
تری باتوں میں بے زاری مجسم ہے
تبھی تو میں نے روکا ہے
تری آنکھوں میں جھانکا ہے
تری آنکھوں میں دھوکا ہے

Marfat.com

## ماتم☆

چھوڑ گئی ہو نہ تم بھی
تم بھی لوٹ کر نہیں آؤ گی
وہ بھی لوٹ کر نہیں آئی تھی

---

☆ نثری

Marfat.com

## دو شعر

ہر ایک دائرہ اک دائرے پہ منتج ہے
کوئی بتائے کہ ایسے سفر کا کیا ہوگا
سبھی سراب میری آرزو نے دیکھے ہیں
ترے جمال پہ ٹھہری نظر کا کیا ہوگا

Marfat.com

Marfat.com

# OH! GIRL

تم مرے پانیوں کا سفر کرنے والی
وہ پہلی صدا ہو
جسے میں نے اپنے
ہزاروں برس پہلے کھوئے کناروں کی دریافت کا
دکھ دیا ہے

## مگر تم نے

ابھی تو داستاں کو خال و خد ملنے تھے
ہاتھوں کو نئی رت نے ہرے گجرے سجانے تھے
شکستہ روح کو تعبیر کا اعجاز ملنا تھا
ابھی افسوس کی آنکھوں نے اپنے ہاتھ ملنے تھے
ابھی تو فاصلے کے چاند کی مہکی زمینوں سے
ہوائیں چلنے کا موسم بھی آنا تھا
ابھی لہروں کی آوازوں پہ ساحل پر
ہوا کا رقص ہونا تھا
ابھی فصل ضرورت میں خبر کے پھول کھلنے تھے
ابھی دل کی سماعت نے خوشی کا شور سننا تھا
محبت نے نئے رستوں پہ چلنا تھا
ابھی جسموں کی نیلاہٹ گلابی آگ بننا تھی

Marfat.com

ابھی حرف محبت نے مری تصویر کی صورت
تری آنکھوں کے رستے سے زمین دل پہ بہنا تھا
تجھے سیراب کرنا تھا
ابھی رنگ دعا نے رحمتوں کا رخ بدلنا تھا
ابھی شاید کی آوازوں سے میری آنکھ روشن تھی
ابھی منظر سے موسم کا کوئی بھی رابطہ کب تھا
مگر تم نے
مگر تم نے

○

تمہارے جیسا ہوتا جا رہا ہوں
میں اپنی شکل کھوتا جا رہا ہوں

Marfat.com

# ایک یاد

تمہاری نیم رخ آنکھوں کا پھیلتا سایہ
مرے بدن سے مری روح تک چلا آیا
چراغ جل رہے تھے اور ہم اکیلے تھے
تمام رات ہم اک دوسرے سے کھیلے تھے

Marfat.com

## "موت جدائی گاتی ہے"

شہر میں کتنی گلیاں ہیں اور گلیوں میں دروازے
درازوں کے اندر جینے مرنے کی آوازیں---
آوازوں کے بیچ میں رشتوں ناطوں کی زنجیریں
ہنستی گاتی روتی مرتی خواہش کی تصویریں
وقت گزرتا جاتا ہے اور موت جدائی گاتی ہے
ایک کہانی مرتی ہے اور ایک شروع ہو جاتی ہے

○

ہم کو معلوم ہے جو ہونا ہے
عمر بھر ایک پل کو رونا ہے

Marfat.com

# میرے کمرے میں جب آنا

اپنی ہتھیلی پر بیتا ہر لمحہ
آنکھوں میں ہر زخمی موسم
چہرے پر محرومی کے سب صحرا لے کر آنا
جھریوں میں بے وارث لمحوں کی قبریں ہوں
پلکوں کے ہینگر پر اپنی رسوائی کا بوجھ
اور ہونٹوں پر ٹوٹی چاہت کی تصویر کی پپڑی
گزرے دنوں کی زرد نشانی لے کر آنا
پیاسے سفر کی تنہا راتیں
درد لٹاتی تیز ہوائیں
سوچ کے پھول جلاتی دھوپ صدائیں
خوابوں جیسے لوگوں کے بے سمت دلاسے
سب کچھ لے کر آنا
میرے کمرے میں جب آنا
مجھ کو ساری رات جگانا

○

تیز ہوا کے جھونکے ہیں اور کومل کومل پھول
جانے کتنے دن کے مہماں ہیں یہ بے کل پھول

دو پل کھل کے اتراتے ہیں اپنی قسمت پر
خاک میں ملنے سے انجان ہیں کتنے پاگل پھول

میں نے اپنی عمر میں دیکھے طرح طرح کے پھول
ہنستے گاتے شرم سے کھلتے غم سے گھائل پھول

میرے دل پر کتنے طوفاں بیتے تھے اس روز
آندھی کے در پر آیا تھا جب اک سائل پھول

Marfat.com

# اس سے پہلے کہ

اس سے پہلے کہ اداسی کا سفر ہو دائم
سانس ہو جائے جدائی کی ہوا سے نیلا
جسم کے چاند کو لگ جائے گہن لمحوں کا
دھوپ کی بارشیں کھا جائیں بدن سائے کا
خواب کے عکس میں آجائے دھواں حسرت کا
خامشی روح کے ہر تار کو مردہ کر دے
تیری مجبور نظر وقت کے سناٹے میں
ڈھونڈ لے اپنی محبت کے مقدر کی صلیب
آ کسی روز بہاروں کی برہنہ رت میں
غم کی تصویر کو رنگوں کا کنارا دے دیں

Marfat.com

○

کسی نے کاٹ دیا اک درخت جنگل سے
پھر اس کے بعد بہت دیر تک ہوا نہ چلی

Marfat.com

# کنواری دستکیں اور رات کا خموش سفر

کنواری دستکیں اور رات کا خموش سفر
جب اپنے آپ سے باہر نکل کے دیکھا اسے
زمین عشق کا ہر دائرہ سوالی تھا

Marfat.com

○

کنار شام سورج مر رہا ہے
پرندہ رات سے پھر ڈر رہا ہے

دھوئیں کے ہاتھ میں تلوار ہے اور
مری آواز کا رخ کر رہا ہے

نگاہیں روشنی کی منتظر ہیں
کوئی دیوار کو در کر رہا ہے

ضرورت آ رہی ہے رقص کرنے
اندھیرا روشنی سے ڈر رہا ہے

مری آوارگی کے معجزے ہیں
زمانہ میری باتیں کر رہ ہے

جسے میں لمحہ لمحہ جوڑتا ہوں
وہی تقسیم مجھ کو کر رہا ہے

Marfat.com

# اک مسافر ہوں

میری تصویر کتابوں میں چھپا کر رکھنا
اپنی باتوں میں مری بات کو شامل رکھنا
یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ لوگ تمہیں یہ کہہ دیں
"چند لمحوں میں کسی شخص کا ہونا کیسا
وہ تو اک خواب تھا خوابوں سے محبت کیسی
تم تو پاگل ہو سرابوں سے تمنا کیسی
اب کسی اور کے احساس کی سج دھج بن کر
تم کسی اور کے آنگن میں بسیرا کرلو"
تم بدلنا نہیں موسم کے بدل جانے سے
اپنے جلووں کو مرے پیار کے قابل رکھنا
بعد مدت کے سہی لوٹ کے آؤں گا میں
اک مسافر ہوں سر شام چلا جاؤں گا

Marfat.com

○

بارش گونگی اور بہری ہے
پیاس سمندر سے گہری ہے

Marfat.com

# ایک لڑکی نے

ایک مجبور تعلق سے گریزاں ہو کر
ایک لڑکی نے
میری آواز سے بیمار سماعت بھرلی
میری غزلوں مری نظموں سے محبت کرلی

Marfat.com

# یہ میرا دوش نہیں

قلم کی نوک پر اب تک لہو کے قطرے ہیں
خبر کے ہاتھ پر لکھا ہوا ہے صبر ابھی
سمے کی آنکھ میں اب تک سفر کی الجھن ہے
بکھرتا ہوں میں کبھی اور کبھی سنورتا ہوں
نہ ٹوٹتا ہوں مکمل نہ پورا جڑتا ہوں
میں درمیان سے آگے جو بڑھ نہیں پایا
یہ میرا دوش نہیں راستوں کی سازش ہے
کسی بھی سمت چلے اب ہوا یہ ثابت ہے
ابھی دکھوں کو میری زندگی کی حاجت ہے

Marfat.com

○

سوال ہو گئے تھے گم جواب جاگنے لگے
کسی بڑے گناہ کے ثواب جاگنے لگے
تمہاری سمت دیکھ کر جو دیکھا آس پاس کو
مری نظر میں دور تک گلاب جاگنے لگے

Marfat.com

## ایک بیمار رات کا منظر

شہر سے دور ایک رستہ تھا
سامنے جھیل کا کنارا تھا
آگے جنگل کی سرسراہٹ تھی
منجمد یاد کا بدن ٹوٹا
چند آنسو ہوا میں لہرائے

○

وہ میرے صبر کا جب امتحان لے لیں گے
سمے کی دھند نے منظر بدل دیا ہوگا

Marfat.com

# خودکشی سے پہلے

صدا کی نبض رک گئی
نظر خبر سے جھک گئی
کھلونے ٹوٹنے لگے ـــــ
سوال خواب بن گئے
دعائیں برف ہوگئیں
فلک کو آگ لگ گئی
زمین کے بدن پہ میل جم گیا
قلم بھی غم سے تھم گیا
خزاں رسیدہ شام ہے
کہ ممکنات کے اداس ساحلوں پہ
خودکشی کا رقص ہے
کوئی کنار وقت پر کھڑا صدائیں دے رہا ہے
وقت کی نگہ میں تیری نارسائی ثبت تھی
ہواؤں نے سمے کی داشتاؤں نے
تمہارے خواب چھین کر
کسی کا گھر سجا دیا

○

شہر سورج کا ظلم سہتے رہے
برف گرتی رہی پہاڑوں پر

Marfat.com

# میں اس کو قتل کرنا چاہتا ہوں

وہ جو اک گمشدہ موجود ہے
جس کو تلاشے جا رہا ہوں میں
جو میرا خواب لے کر
مجھ کو صدیوں کے تعاقب کے کسی کرب مسلسل میں
بھگوتا جا رہا ہے
کہاں ہے وہ
میں اس کو قتل کرنا چاہتا ہوں
وہ تتلی ہے کہ شعلہ ہے
وہ بادل ہے کہ جگنو ہے
وہ جو کچھ بھی ہے
میرا شور سنتا ہے
مری نظروں میں آتا ہے

Marfat.com

کبھی گھرے کسی غم میں
کبھی مہکی ہوئی دلگیر آہٹ میں
مجھے شکوہ ہے
اس نے مستقل تحقیق میں بے حال کر کے مجھ کو لوٹا ہے
وہ جب تک ہے
مجھے یونہی تڑپنا ہے
مجھے خود سے بھی لڑنا ہے
کسی چہرے پہ پھیلی مسکراہٹ کو
عجب انداز سے محسوس کرنا ہے
بڑے بیزار لفظوں کو
حوالے کی لڑی میں بھی پرونا ہے
وہ نغمہ جو سنا جاتا نہیں
وہ چہرہ جو چھوا جاتا نہیں
وہ ملتا ہے مگر وہ بچ نکلتا ہے
بڑی ہی بے دلی سے سوچتا ہوں میں کہ اگلی بار
لیکن ہر دفعہ دھوکے میں رہتا ہوں
وہ اگلی بار کب آئے گی جب میں جیت جاؤں گا
محبت کی اجازت کے کسی لمحے میں
اس کو قتل کر دوں گا

Marfat.com

# پھر بہار آئی

رنگتیں اڑی سی ہیں
حوصلے بجھے سے ہیں
آنکھ میری پرنم ہے
جلتی بجھتی خواہش ہے
واقعے کے پیچھے بھی
واقعہ مجسم ہے
ڈوبتے چراغوں کی
سانس ٹوٹ جاتی ہے
بھول ہے تمہاری یہ
ایک وقت آئے گا
تم مجھے بھلا دو گے
اپنی لغزشوں کا میں
اعتراف کرتا ہوں
پیار کرنے والے تو
فاصلے نہیں رکھتے
سرکشی نہیں اچھی
لوٹ کر چلے آؤ
پھر بہار آئی ہے

Marfat.com

# مجھے کیوں یاد کرتی ہوں

یہ لوگوں سے سنا ہے کہ مجھے تم یاد کرتی ہو
مجھے کیوں یاد کرتی ہو
تمہیں پہلی ملاقاتوں میں میں نے یہ بتایا تھا
کہ میں تو اک عجب رستے کا راہی ہوں
میں ہجر و وصل کے سارے فسانے بھول بیٹھا ہوں
کسی تازہ کہانی کا کوئی کردار بننے سے بھی خائف ہوں
ترے چہرے پہ پہلی مسکراہٹ جو مری خاطر تھی
جب سے میں نے دیکھی ہے
تمہیں ملنے میں او لڑکی بڑا محتاط رہتا ہوں
تمہارے رونے دھونے سے زمانے کو بتانے سے
مرے اندر کبھی کوئی محبت جاگ ناں پائی
تمہیں میں آج بتلا دوں

کہ میں تو ایک قیدی ہوں کسی مردہ کہانی کا
جو برسوں پہلے میں نے اور تیرے جیسی اک لڑکی نے لکھی تھی
تمہیں دینے کی خاطر اب جو میرے پاس کچھ ہوتا
تمہاری بات کا مجھ پر بھی کچھ نہ کچھ اثر ہوتا
مگر لڑکی مرے یہ ہاتھ خالی ہیں
مری نظریں بھی روکھی ہیں
مجھے تم یاد ناں کرنا
جواں لمحوں کو اپنے یوں کبھی برباد نہ کرنا
مجھے تم یاد ناں کرنا
مجھے تم یاد نہ کرنا
مجھے کیوں یاد کرتی ہو؟

Marfat.com